ہم تو اس کوچہ دلدار کی قربان ہونگی

آئینہ کسطرح مین سامنی اونکی رکہدون
دوسرا اوس مین جو پائینگی تو حیران ہونگی

ہم سی تو قطع ہوئی وصل کی دنکی امید
تو ہی یہان ہوئی گی ہم کیون شب ہجران ہونگی

آگئی اوس شوخ کی باتون مین دنیا جہان کو کچھ
کوئی دنیا مین اس دل سے نہی نادان ہونگی

اب تہے اسلام پہ زلفون کی ہوئی شور فدا
یہہ ارادہ ہی کہ سجن سی مسلمان ہونگی

زبان سی تیری جب نہین ہو چکی
تو جینی کی صورت نہین ہو چکی

تمام اپنی جان حسرین ہو چکی
کرو اب ہی یان کچھ نہین ہو چکی

نکل جائی جان بہی جو زیر قدم
میری بات وان لقشین ہو چکی

ہوگا جو گہر کا سا نقشہ تیرے
تو امید خلد برین [illegible]

مجھے قتل کرکے وہ پچھتائے کب
کہ جب خون مین تر آستین ہو چکی

لٹا بیٹھے جب جان و دل عشق مین
تو اب شرم دنیا و دین ہو چکی

چھوا آج ماتھے پہ افشان کہین
کہا مانو چین جبین ہو چکی

پھرا ہم سے جب آسمان ہی تو پھر
گذر اپنے زیر زمین ہو چکی

ہوئی قطع وعدے کی امید اب
کہ غیرون سے ملنت کہین ہو چکی

خبر شور کے اب تو لو نزع مین
بہت سی جیان او حسین ہو چکے

دم میرا سینہ مین کیونکر ٹھہری
نالی جب شور مچا کر ٹھہرے

زندگی کا فقط اتنا ہی قیام
کشتے سمجھے ہی جاتے ہے

ناتوانی مین جو نکلی ایک آہ
تیر مژگان سپر چشم قتول

اسکو اچھا کہون یا اسکو برا
کیون نہ محو ہون نزاکت مین

نزع مین بھی نہ وہ دم بھر ٹھہرے
پھر کہان فتنۂ محشر ٹھہرے

اوس جس طرح کہ گل پر ٹھہرے
ناخدا ٹھہرے نہ لنگر ٹھہرے

اوڑی اوسپر تو ہوا پر ٹھہرے
جب کہ پہلو مین وہ آکر ٹھہرے

حسن و عشق برابر ٹھہرے
جب گلی پر میری خنجر ٹھہرے

جہوٹی وعدی یہہ ہمین سی لاکہون
اور ہمین جہوٹی سراسر ٹہرے

دیکہہ اوسکو ہوا بیتاب یہہ دل
حرف مطلب نہ زبان پر ٹہرے

لکہہ دیا نامہ مین جب سوز جگر
پہر یہہ ممکن ہی کبوتر ٹہرے

دل سی جب نکلی گی یہہ آہ رسا
کیا عجب جاکی فلک پر ٹہرے

جونک لگتی نہین دل پر اسکی
بت نہ ٹہری کوئی پتہر ٹہرے

گردش چشم کی آگی اوسکی
کسطرح بزم مین ساغر ٹہرے

جاؤ یا تون پہ نہ اغیار کی شور
تم جو ٹہری تو سخنور ٹہرے

اوس گل کی اگر باغ مین جانی کی خبر جائی
ہر پہول پہہ پہولا نہی کہہ آپی سی گذر جائی

گر یار نفس ٹوٹکی قالب سی اوتر جائی
کیونکر دل مضطر کی پہر اوس تک یہہ خبر جائی

ہم غصہ کی مشتاق رہا کرتی ہین اوسکی
جتنا وہ بگڑ جائی پہر اوتنا ہی سنور جائی

دل دینی مین اسواسطی ہی ہمکو تامل
لیجائی دل اور لیکی کہین صاف مکر جائی

کیونکر نہ فرشتی ہی امان جانکی مانگین
ای آہ رسا تیر افلاک جو اثر جائی

وہ سانچہ مین قدرت کی ابہی ڈہلتا دیکہو
جو روپ کہ دل اپنا سنور جانکی نکہر جائی

گر ہم کو میسر ہو تیری در کی گدائی
پہر حسرت شاہی ہی ہما دل سی اوتر جائی

ہی ہم کو نہ امید کہ ای مجمع خوبی
یون مشق وفادار جفا کر کی مکر جائے

جب آپ کی کوچہ مین ہو جانی کی منائی
فرمائی پہر بہول دیوانہ کدہر جائے

ناسور جگر پاتا ہی کچہ لطف نمک سی
یہہ زخم نہین ایسا کہ مرہم سی جو بہر جائے

چوٹی کو ذرا کہول کی اندہیر نکرنا
یہہ ڈر ہی لچک جائے نہ سی اوسکی کمر جائے

دشمن تو کری شکوہ میرا نام ہو بدنام
بگڑا کوئی جائی برا اور کوئی کر جائے

کوچہ سی قدم اوسکی نہین اوٹہی کا اب شور
گہر جائی کہ در جائی کہ سر جائی کہ مر جائے

مسیحا نور یزدان ہے کوئی بہید اوسکا کیا جانے
وہ جانے یا خدا جانے اوسے کیا تیسرا جانے

خدا کی حکم سی ہی جان اوسنی اپنی دم بہر میں
جو اوسکی نام پر قربان ہے وہ اسکا مزا جانے

اوسی کی روشنی سی ہے گا وہ روشن ضمیر ابیل
کہ جو شمس الضحی سمجہے اوسے مہ سا لقا جانے

شفاعت سے اوسیکی ہی بنجا عیسوی حاصل
وہی جنت میں جائیگا جو اوسکو پیشوا جانے

مسلمانون کی تو روح اللہ کہتی ہین اوسی بیشک
وہی مقبول حق ہے جو اوسکو نور خدا جانے

بلاشک دولت دنیا و دین سے وہ غنی ہوگا
جو اوسکی خاک پا کو جان و دل سے کیمیا جانے

قیامت کا خطر ہوگا امت کو نہی اوسکی
میرا دل جانتی یا مین جانتا ہوں یا میرا خدا جانے

رہیگا آفت ارض و سما سی وہ بری ہر دم
جو اپنی جان کو اوسکی قدم پر دم فدا جانے

مستون کو آج قلقل مینا پہ ناز ہی — ساقی ترانہ سنج ہی اور جام ساز ہی

ہی بزم گرم شمع تو کیون روتی ہی تبا — کس شعلہ جلی کا آج یہہ سوز و گداز ہی

اپنی گناہ پر ہمین کیا کیا ملال ہی — پرسش کی خوش ہوئی کہ وہ بخشتہ نواز ہی

زلفون کی پیچ سی جو پریشان ہوئی ہین ہم — کیا کہی رات کم ہی یہہ قصہ دراز ہی

ہم وہ شراب خوار ہین محشر مین بھی ہین — حکم خدا یہہ ہوگا در توبہ باز ہی

ابرو کی خم مین جہکتی ہین لیتی ہین نام دوست — اپنی تو پانچون وقت کی یہہ ہی نماز ہی

عقدہ کہلا کسی سی کاکل کا آج تک — پیچیدہ سر بسر یہ اسکا راز ہی

یہہ حسن اور عشق کی نیرنگیان ہین عجب — وہان اونکو ناز ہی تو یہان نیاز ہی

پتھر ہی جنکی پانی لو آئینہ بن گیا — روشن ضمیر ہوگا وہ جسمین گداز ہی

پہونچا جو شور عشق بتان مین خدا کی پاس
شیرین زبان سی وصف کا اونکی مجاز ہی

تیری قدرت سی جو بگڑی ہوئی تقدیر بنی — پھر نہ کیون عقل سی انسان کی تدبیر بنی

خاک پا سی تیری گر سرمۂ تسخیر بنی — مین وہ کشتہ ہون میری خاک سی اکسیر بنی

پیچ و خم سی جو وہان زلف گرہ گیر بنی — میری گردن کو یہان پیار سی زنجیر بنی

گر تیری خاک قدم سرمۂ تسخیر بنی — خاکساری سی بھی بگڑی ہوئی تقدیر بنی

دی زبان شمع اوسی او جلی پروانہ
بگڑی پروانہ کی و قسمت گلگیر بنے

واہ ری پیچ تیری ای فلک کج رفتار
میں تو یہاں بگڑوں وہاں زلف گرہگیر بنے

نامہ بر اتنا ہی کہہ دینا کہ مرتا ہی کوئی
اور کچھ بات بنی تجھسی نہ تدبیر بنے

سامنے اونکے کوئی بات نہ نکلی منہ سے
ہم ہی کہنے کی لیے صاحب تقریر بنے

اپنی مایوسی کا گر حال قلم بند کروں
چشم حسرت زدہ ہر نقطۂ تحریر بنے

میری صورت کو جو دیکھو تو ہی نقشہ بگڑا
چشم بد دور وہیں دیکھو تو تصویر بنے

تیری مژگان کے بنی ملک کا پڑا عکس ضرور
جیسی نکلی ہیں نہ خنجر ہیں کہیں تیر بنے

ڈھونڈی اس دار فنا میں کو لیا اپنا فرخ
کاٹنی کی لیے سر شمع کی گلگیر بنے

جیسا ہوگا نہ بنا میں گے تم نصیب
خون میں جب نہ نہائی تجھی میری شمشیر بنے

لطف کیا ہو جو اگر آپ ہیں مشق ادا
جب چلی تیر نگہ دل میرا نخچیر بنے

آئینہ میں اگر اپنا نہیں نقشہ دیکھا
پھر کہو کون سی صورت سے وہ تصویر بنے

تاب نظارہ نہو نقشہ نانی بگڑے
کہیں کس شکل سے ہم آپ کی تصویر بنے

اپنی زلفوں کی طرح سے بگڑتا ہے جو تو
پھر کہاں شور کی تجھسی ہیں [illegible] بنے

دو دو دن کی ہی بہار [illegible] سر کی
[illegible] رنگ حنا کی ہی

وحشت مین فکر ہم کو نہ کچہ رہنمائی ہے
امداد ہی توانہی ہی کچہ دست و پا کی ہے

پیتا ہون جب شراب تو ہوتی ہی تشنگی
کیفیت اسمین صاف کچہ آب بقا کی ہے

مجکو بلا مین ڈالا ہی آپ بال بال
یہہ چال سر بسر تیری زلف دوتا کی ہے

کرنا نہ کچہ اشارہ نہ کچہ منہہ سی بولنا
یہہ ساری خوبی آپکے شرم و حیا کی ہے

ہر ہر قدم پہ مانگی ہین سب جان کی امان
رفتار بھی تیری یہہ قیامت بلا کی ہے

شمس الضحی کہون مین کہ بدر الدجی کہون
چہرہ ہی یہہ تمہارا کہ قدرت خدا کی ہے

پہونچی فلک کے اوسطرف ایکدم مین بیدرنگ
ادنی سی یہہ چمک میری آہ رسا کی ہے

الیشو اس مین ہین غزل اور ہی سے ہے
تعریف جابجا تیری طبع رسا کی ہے

کیونکر نہ ہی کہ ہم مین تو عادت وفا کی ہی
اور خوبی ہان کی بہی مین ناز و ادا کی ہے

عقدہ کہلا نہ پردۂ تقدیر کا کبہی
مدت سی جستجو بہی مشکل کشا کی ہے

کیونکر نہون عزیز یہہ داغ جگر مجہے
سونپی ہوئی نشانی میری دلربا کی ہے

دل کو چرا کی لی گیا ناحق کو خون کیا
شوخی مین جانتا ہون یہہ فرد خطا کی ہے

مارا کسیکو آنکہہ سی لب سی جلا دیا
یہہ طرز اک نرالی ہی انکی ادا کی ہے

ان بیتون کو سنکی جان لب پہ آگئی
سنتا ہین کوئی دہائی خدا کی ہے

ہر قدم پہ ہستی مین بن بن کے سبکروان / شوخی بلائی جان تیری نقش پا کی ہے

پیتا ہون صاف کرکی ہی بیرنگال کو / الفت جو میری دل مین کسی پارسا کی ہے

صدمہی اوٹہی تیر کی دیتا ہون جانکو / اور زخم اس پہ ہستی مین شمشیر قضا کی ہے

دہوکہ مین غیر کی جو وہ تشریف لائی ہین / تاثیر دست بس ہماری دعا کی ہے

لکہتا ہین ہے دل میرا ملک فنا مین ہے / دن رات آرزو اسی دار البقا کی ہے

شیرین کلامیون پہ بتون کی نہ جاؤ تم / الیشو بات بات مین تلخی دعا کی ہے

جو شب کو ناسی وہ شوخ بی نقاب چلے / دبا کی پانو خجالت سی ماہتاب چلے

ہماری رونی کی لب جو اگر شراب چلے / تو ساتہہ ساتہہ بطی لئی کباب چلے

برس سکی چمن مین اگر سحاب چلے / تو ساتہہ پانی کی کیونکر نہ پہر شراب چلے

دکہاتی موج فنا جسکو بحر ہستی سی / تو پانی ہوکی نہ کیون شرم سی حباب چلے

جو دیکہ پائی کف پا کو اوس پری رو کی / تو منہہ چہپا کی سر چرخ آفتاب چلے

چلی جو مستی مین گر باغ کو وہ گل اندام / جلو مین جام چلی شیشہ ہمرکاب چلے

ہوا ہی سیاہی کالی کی کیسی فرغ چراغ / جو پہری آئی تو رنگ رخ شباب چلے

ملا یہ لیلی و مجنون کو عشق کا ثمرہ / کہ باغ دہر سی مجنون کی لی خطاب چلے

بہروسہ کسکو ہی اکدم کی دیر کا ساقی
ہماری بزم مین ساغر نہ کیون شتاب چلے

کسیکے آتش رخ پر بہڑک رہی دل مین
مزہ ہی ساتہہ مین جی کی اگر گلاب چلے

نظر ہی رحم پر اوسکی تو کچہہ نہین پروا
کوئی ثواب چلی لیکی یا عذاب چلے

خدا ہی رحم کری تو ہماری ہو بخشش
بغل مین ہم تو گناہون کی لی کتاب چلے

بہت ہی چرب زبانی پہ شور نازان تہی
سوال ایسا کیا اوسنی لاجواب چلے

اشکباری کی سبب مجھسے دم ہون پیدا
شبنمین ہوگئی ہین آنسوون کی تار سے

چاک چاک ہوگیا دل شعلۂ رخسار سی
اور جگر چہلنی ہوا تیر نگاہ یار سے

تفرقی ہو بات سی چوٹی کی یہہ گذرا گمان
کینچلی لپٹی ہوئی ہی خوب جسم مار سے

پانوکی ایذا کو راحت سی نہین کم جانتی
آبلون کو ربط ہی میرے یہہ نوک خار سے

شکر ہی دل داغ فرقت سی سراپا بچ گیا
طایر جان اوڑ گیا پہلی وداع یار سے

وقت مرنی کی کہا صیاد سے بلبل نی یہہ
میری مرقد متصل ہو باغ کی دیوار سے

اک قدم چلتی ہی جو خون دو عالم کر دیا
چال نی کیا تیری سیکہا چلن تلوار سے

ملک دل سوز نہان سی جل گیا میرا تمام
یہہ خبر پہونچی ہی مجکو آہ دہوان دہار سے

باغ عالم مین تجھسا گل نہ اور غنچہ دہن
یہہ صدا آتی ہی مجکو ہر گل و گلزار سے

آتی ہی قدم یہان میری مرنی پہ ٹھہر کی ای عشق تیری چال کی ہم کو نہ خبر تہی

دل جب سی دیا تم کو ہوئی خانہ خرابی اپنی تو فقط اسکی بہروسہ پہ گذر تہی

تڑپا کئی ہم بیخبری مین شب فرقت جب یاد تیری رخ کو کیا ہم نی سحر تہی

اکدم بہی یہان آکی کبہی چین نہ پایا اس آنکہ کی کہلتی ہی یہین فکر سفر تہی

آکر عدم آباد سی نہین جائینگی یہان ہم اس ہستی دلچسپ کی کہہ کسکو خبر تہی

اب ضعف سی تک لب ہی پہ آنا ہی مشکل وہ دن گئی جب آہ پہ کچہہ رکہتی اثر تہی

دانستہ نہین کچہہ بہی تمہین دل کو گنوایا کیا کہتی اسی خوبی تقدیر مگر تہی

ہر قدم پہ تیری کشتۂ حسرت کی جو دیکہا رفتی ہی قضا اور صبا خاک بسر تہی

کیون ہمسی خفا ہو اسی دن کو بنا سی عادت سی بگڑنی کی تمہین فرسا گر تہی

کس منہ سی کرون تلخی الفت کا بیان آج کل تک تو میری قسمت کی یا شیر و شکر تہی

سینہ کو کیا تم نی ہدف تیر مژہ کا
ای شور یہہ کیا جرأت دل اور جگر تہی

بن ٹھن کی آج باغ مین جس دم وہ آئینگی پہر سایہ گل کی دیکہنا کیا ناک لائینگی

ہم قتل ہو کی خون مین خوشی سی نہائینگی دولہا بنینگی تیغ کو وہ دلہن بنائینگی

گھر دل سی آسمان کی اگر اب بچ گئی مسکن نہ اس زمین پہ پہر اپنا بنائینگی

نقش قدم پہ اوسکی دلا مٹ گئی ہین ہم
ڈہونڈی ہی اب کسیکو نہ تا حشر پائیگی

اوس گلبدن کو دیکھہ ہی لینگی جو اک نظر
گل مثل بو نکل کی چمن مین نہ آئینگی

آئی قضا نہ فرقت جانان مین آج کل
اس تہہ سی اوسکی سامنی ہرگز نہ جائیگی

پیکان تیرِ یار کا جب دل مین آ بسا
کسطرح اس رفیق کو گہر سی اوٹہائیگی

گر سیر مہربان نہ کہینگی شمع رو کی تو
بیٹہی بٹہائی جی کو نہ اپنی جلائینگی

ہم کو بہی اونکی ناز پہ اتنا نیاز ہے
وہ لاکہہ بار روٹہین ہم اونکو منائینگی

جہونکی خزان کے آتی ہین دشمن نظر جو ہی
کوچہ سی اوسکی خاک میری پہر اوڑائیگی

لالہ کا فق ہوی گا اکدم مین منہہ ابہی
جب شور داغ دل کی یہہ اوسکو دکہائیگی

رقص بہی جا ہئین مین بسمل کے
شکر ہوتی ادا ہین قاتل کے

ہو گئی کام جان اور دل کے
یہہ سزا پائی تم سی مل مل کے

دُرِ مقصد نہ ہاتہہ آیا کبہی
عمر گذرے سہارے ساحل کے

کہین کیا حیف ناخنِ تدبیر
نہ کہلی عقدے اپنی مشکل کے

شہر بادہ روان ملک بقا
ہم بہی پا بی رو ہین اسی منزل کے

بیکسی رنج و یاس محرومی
یہی کچہہ دوست ہین میری دل کے

میری دامن کا ہو نوک لب تک
روز پہنتا ہی یہہ لہو سل سل کے

شیشۂ دل ہوا ہوا بال حیات
آگیا بال اس مین ہل ہل کے

لوگ کہتی ہین نکتہ چین سے مجھے
جب سی مضمون لکھی تیری تل کے

آنکھہ کیون تیری جلوۂ رخ پر
پتلی نوری بنی ہین اس گل کے

صرصر آہ قیس سی اب تو
پردی اوٹھتی ہین روز محمل کے

ڈال دو شور زخم دل پہ نمک
لطف آئیگا خوب جہل جہل کے

دراز کاکل خمدار ہوتی آتی ہی
یہہ دل کی پیچھی میری مار ہوتی آتی ہے

یہہ کیسی نازسی رفتار ہوتی آتی ہی
کہ اپنی چال سی گفتار ہوتی آتی ہے

وہ اپنی حسن پہ نازان ہین اور عشق پہ ہم
ہماری اونکی یہہ تکرار ہوتی آتی ہے

یہہ کون آتا ہی گلگشت کو سوی گلشن
فدا بہار جو ہر بار ہوتی آتی ہے

اوٹھا ہی شوق سی یہہ کون فتنہ خفتہ
کہ جس سی موت بہی ہشیار ہوتی آتی ہے

گری جو دل سی تہی اونکا ہی ہو گیا دم سرد
یہہ پائی زیب کی جھنکار ہوتی آتی ہے

وہ آی نزع کی گر وقت تو عجب کیا ہی
سدا عیادت بیمار ہوتی آتی ہے

وہ دن گئی جو میری آہ مین اثر کچھ تہا
کہ اب تو عرصی بیکار ہوتی آتی ہے

خدا بچائے تجھے نوک مژہ سے ایسی تو
کہ دل کی برچھی سی ایک بار ہو تی آتی ہے

ہوا کی چال سے کی گھٹا کیا رنگ لائی ہے
پلا ساقی مئے گلگون بہار تازہ آئی ہے

کہا میں نے وفور جوش سے جان لب پہ آئی ہے
تو فرمایا کہ کیا ڈر ہے محبت آزمائی ہے

گھٹا جاتا ہے دل کالی گھٹا کو دیکھکر اپنا
کہاں سے یہ بلا فرقت میں میری سر پہ آئی ہے

ہتو کیا بات ہے کیا سحر ہے کیا تم میں جادو ہے
کہ مرتی آرزو سے تم پہ جو ساری خدائی ہے

نہیں معلوم ہوتا حال دل کے بیقراری کا
کہ بن دیکھی یہہ کیسی چاہ میں آفت اٹھائی ہے

چرا کر لے گیا دل کو مرے اور خون کر ڈالا
ہوا ثابت کہ یہہ شوخی تری دزد حنائی ہے

نکل جاے ابھی جان پیچ کیا کیا پریشان ہوں
تری گیسو کی کھلنے پر مری مشکل کشائی ہے

غلط ہے ایک دل کو ایک دل کا آئینہ کہنا
وہاں دل میں کدورت ہے یہاں دل میں صفائی ہے

صراحی روتی ہے کیوں چشم ساغر ڈبڈبائی ہے
قریب آیا جہاں کیا میرا وقت جدائی ہے

نہیں یہہ خون عاشق کا بہا جاتا ہے دریا میں
تری رنگ حنا نے آگ پانی میں لگائی ہے

جو پوچھا میں نے کیوں مجھکو دی یہہ رشک کے صدمے
تو بولی ہنسکی اس کے سبب الفت بڑھائی ہے

جدا اب داغ دل کیونکر ہوں سینے سے مرے ہمدم
کہ مہر کی نشانی اوسکی بدقت میں پائی ہے

سوال وصل جب میں نے کیا اوس سے تو جھنجھلا کر
مجھے کس ناز اور انداز سے جھڑکی سنائی ہے

کھلی کاکل کا عقدہ کسطرح اب سخت مشکل ہی
کہ اوس کافر تلک اے شور تجکو کب رسائی ہی

ہمنشین جب دوستی ہوئی دل کی
آبرو خاک مین ملی دل کے

نہوئی قدر میرے گل رو کو
اس لئی ہی یہہ بیکلی دل کے

جان پر اپنی ہای کیون بنتی
بات جو مانتی کبھی دل کے

وہ تو دیتا تہا جان تم پر حیف
تم نی پوچھی نہ بات ہی دل کے

دور ہم سی ہین وہ تو کیا ڈر ہی
پاس ہی اپنی آرسی دل کے

دین و دنیا سی کہو دیا اس نی
کس سی کہئی بُری بہلی دل کے

تیر مژگان سی اوسکی چہیدا مدام
یہہ بہی ہی ایک دل لگی دل کے

جب یہہ قابو سی ہو گیا باہر
گر کہی ایک سو سُنی دل کے

جو لگائی بجھائی وہ ورنہ
آگ بجھتی ہی کب لگی دل کے

کوئی ہمدرد ہی نہین اس کا
دیکھی ہی میری بیکسی دل کے

اور لکھتا ہون اک غزل ای شور
جودت طبع دیکھہ ابھی دل کے

شوق نی کی جو رہبری دل کی
منزل عشق طی ہوئی دل کے

میری رونی پہ قہقہہ ہی او نہین — واہ کیا خوب کی ہنسی دل کے

دیکھہ لو اک نظر ذرا اسکو — ہو رہی ہی روا روی دل کے

جیتی جی ایک دن نہ چین دیا — تم نی کیا قدر کی اجی دل کے

اک نظر نی کیا ہی کام تمام — آرزو ہی تو تھی یہہ ہی دل کے

جب جوانی گئی چھوڑا کر ہاتھہ — اوس پہ پیری نی کچھہ چلی دل کے

جان جب لی گیا وہ جان جہان — موت ہی پہر تو زندگی دل کے

اور اب کس سی مدعا نکلے — جان جب ہوئی مدعی دل کے

شکر ہی مرتی دم جو وہ آئے — بات بگڑی تھی پہ بنی دل کے

جان ہی دیکی اونکو دیکھہ لیا — یہہ ہی حسرت نکل گئی دل کے

آپکو دیکی دل کرو انصاف — ہم سنین یون بری بہلی دل کے

مرتا ہی شمع رو پہ رات و دن — یہہ تو اب ہو لگی بری دل کے

مین نی پوچھا کہ تمہسی کیون ہی رنج — ہنسکے بولی کہ ہی خوشی دل کے

نہ سنی اوس نی دہیان سی اپنی تو — ہم نی گو داستان کہی دل کے

اب آئی ہی یہ بات کہنا کالی ہی جہیا گے — ساقی نی اوسی ہی پہلی پی پی کی ٹہرا کے

نہ کیونکر ہووی خاص و عام مین توقیر پتھر کی
کہ ہی کعبہ مین لگا اور گرجہ مین بھی توقیر پتھر کی

تمہارا جذبۂ دل یہان تک مجھکو کھینچ لایا
مثال کہربا دیکھی گئی تاثیر پتھر کی

یہ سنگ آسیا ذرات گردش مین جو پیستا ہی
یقین ہوتا ہی ہوگی کچھ نہ کچھ تقصیر پتھر کی

ہوا ہون اک بت بیسا کی الفت مین پابستہ
لگا دو میری مرقد پر کوئی تصویر پتھر کی

کبھی جو وصل کی تقریر اونسی ومکی کرتا ہون
تو فرماتی ہین ہی ہلکی لکہ دو اک تحریر پتھر کی

وہی اک سنگدل جسکے غم مین ہون مین دیوانہ
میری پانون مین ہونی چاہیی زنجیر پتھر کی

اوٹھائی کب تلک سنگ ستم کیا سخت مشکل ہی
کہان سی لائی چہاتی عاشق دلگیر پتھر کی

یہ ہی بیدرد کہ سینہ میرا پتھر سی کچلتا ہی
تیری چہاتی بلا شک ہی بنی ہی پیر پتھر کی

وہ ہیرکی انگوٹھی زیب انگشت حنائی ہی
کھلی ہی تجھ قدرت سی کیا تقدیر پتھر کی

عیان نور خدا سنگ صنم خانہ مین بھی ہو
نہ پوچھین ہم سی کس واسطی تصویر پتھر کی

نہین جاتی ثبات البیتور آخر خاک ہوتا ہی
کرین وہ دل سی جینی پر عبث تعمیر پتھر کی

جان و ستن اگر جانی تو وہ جانی ہی اچھی
اور دل سی جو قربان جو وہ قربانی ہی اچھی

اسلام پہ لفظون کے ہوا ہین عاشق
ہو جائی مسلمان تو مسلمانی ہی اچھی

جو کچھ کہ ملا [illegible] آنے
پیشانی [illegible] ہی اچھی

ہو وصل کا اقرار تو حاضر ہین دل و جان
یا جاوں جو بوسہ تو سزا پانی ہی اچھی

قسمت سی ملا کرتی ہی اے خضر جلی بخت
ہاتہ آئی جو اوس در کی تو دربانی ہی اچھی

آئینہ سی چہرہ پہ اگر دیکہہ لون زلفین
حیرانی ہی اچھی ہی پریشانی ہی اچھی

ہاتہ آئی جو فرہاد کی شیرین تو جوئی شیر
جس طرحسی ممکن ہو ہمین لانی ہی اچھی

ہم مانگ کی بوسہ کو ہوئی اوسسی پشیمان
جب عجز کیا تو یہہ پشیمانی ہی اچھی

اب ہند مین لو بند ہوا شور سخن کا
جب قدر رہو اسکی تو سخندانی ہی اچھی

اوٹہتی ہی جہوم کی کیا زور گہٹا ساونکی
ہجر مین دل کو گہٹاتی ہی ہوا ساونکی

باغ ہوا آب روان اور گل اندام ہی ہو
تازہ دل کرتی ہی یہہ باد صبا ساونکی

خون عشاق ہی شرمندہ ہی اوسکی آگی
رنگ کیا لائی ہی ہاتہون حنا ساونکی

پانی جنگل مین ہی ہر کہیت ہوئی ساری ہری
روپ دکہلاتی ہی کیا آب ہوا ساونکی

آج تو کالی گہٹا سر پہ چلا آئی میری
کرتی ہی گل کو یہہ چٹ پٹ کبہی کیا ساونکی

کوک کوئل کی کہین شور پپیہی کا کہین
مور بولین ہین کہین دیکہہ گہٹا ساونکی

ابر و باران مین پپیہی کی عجب کیفیت
رنگ لاتی ہی یہی جوش ہوا ساونکی

کان مین بیتو کی آواز چلی آتی ہی شور

گاتی ملہاری اک ماہ لقا ساونوں کے

ناتوانی سی نہ فریاد کی طاقت ہو گئے
پھر غرض کیا ہی کہ کس روز قیامت ہو گئے

میری فرقت سی تمہین گرچہ مسرت ہو گی
یاد آئیگی وفا جب تو ندامت ہو گئے

صحبت غیر سی گر تم کو نہ فرصت ہو گی
حسرت غم سی ہمین یہ نہین مہلت ہو گئے

شکوۂ ہجر کیا اونسی تو فرمانی لگے
رنج کی تعبل ہی تجھی راحت ہو گئے

مجھکو تو جور و جفا سب ہین اوٹھانی منظور
لیک یہہ تم کو بری غیر کی عادت ہو گئے

سمجھا ہی سانس کا نقارہ جو سینہ پہ مدام
بی نشان ہو گی او وہر چلنی کی نوبت ہو گئے

کوئی اکسیر نہین اسکی مقابل ہر گز
خاکساری سی میسر جسی دولت ہو گئے

دیکھو آیینہ نہ دیکھو مین کہی دیتا ہون
آپ سا دیکھکی اوسمین تمہین حیرت ہو گئے

روز محشر تیرا دیدار ہوا ہی تو کیا
بہشت مین دیکھنی یہان کسی فرصت ہو گئے

ابہی اس گنبد گردون کو ہلا دینگی ہم
آہ و نالہ کی اگر ہمکو اجازت ہو گئے

تیری گیسو کی خریدار نہ ہوتی ہر گز
ایسی سودی مین اگر جانتی آفت ہو گئے

نام ہر گز نہ رہائی کا کبہی لینگی ہم
تیری زلفون کی اسیرون مین وہ لذت ہو گئے

دل کی ناصح سی نکر ترک محبت اے دل
ترک ہو گی جو یہہ عادت تو عداوت ہو گئے

دیکھو میری طرف دیکھتی ہین وہ کسدن
دیکھی رحم پہ کب چشم عنایت ہو گئے

زلف محبوب کا مضمون کوئی باندھ ای شعور
اس سی کیا خوب رسا تیری طبیعت ہو گئی

جفا سی ہم ہوئی عاجز تمہاری خو نہ گئی
کبھی سیدھی ہمارے تیری گفتگو نہ گئی

وہ چٹکیون مین اوڑا دیتا تجھکو غنچہ دہن
بھلا ہوا کہ صبا اوسکی پاس تو نہ گئی

ریا کی سجدی کا دہبہ ہلی وضو سی خاک
مثال داغ یہ زاہد کے شست و شو نہ گئی

ہماری رونی نی آخر اونہین شتابی دیا
ملا سی آنکھ گئی اون کی آبرو نہ گئی

یہہ انتظار کہ مر کر کھلی ہین آنکھین
تمہاری دید کی آنکھون کو آرزو نہ گئی

ہزار جہوکون سی اوسنی اوڑایا در سی تیری
صبا سی خاک مری پھر بھی کوبکو نہ گئی

مریض ہجر کی تیری ہی وہ بری حالت
قضا بھی دیکھکی حال اوسکی روبرو نہ گئی

ہزار ہا کی سر شانہ ہو گیا عاجز
مگر کجی تیری ای زلف کجرو نہ گئی

دکھائی گلشن ہستی نی بی ثباتی جب
نکل کی گل کی بدن سی پھر اوسمین بو نہ گئی

تیری مریض کی بچنی کی اب امید کسی
کہ اوسکی منہہ سی دوا آب تا گلو نہ گئی

شکیب و تاب و توان اس دل فسردہ سی
یہہ سب گئی مگر امید یار تو نہ گئی

ہماری خاک مین سب ترا ندی شامل تھی
کہ قبر مین بھی ہمین حسرت سبو نہ گئی

یہہ کسکی واسطی الیشور شور کرتی ہو

کہ جان جانی پہ بہی اوسکی جستجو نہ گئی

غزل در صورت حال قحط سالی سال سنہ ۱۲۷۷ ع

گلستان جہان مین کیا خزان نے گل کھلایا ہی — کہ ہر برگ شجر کو زعفرانی کر دکھایا ہے

گرانی خشک سالی کا الم اور شور یا حسرت — یہان تک ہے کہ عالم نے براہی غل مچایا ہے

برستا جو ہمیشہ تھا ہے ابر باران کا یہہ باعث — کہ اعمالون سی دنیا کی خدا غصہ مین آیا ہے

زمانہ رات دن روتا ہی اور آنسو نہین آتے — یہہ خشکی ہی کہ چشم ابر تک قطرہ نہ پایا ہے

کدورت دیکھکر عالم کی مطلع صاف نہ تہا کے — غبار اوج اعلی کی طرف یون رنگ چھایا ہے

خدا کی گھر مین کیا قلت ہے دیکھو اور حیرت کے — کہ آنکھون تک کا پانی بھی دلا آنسو نی کھایا ہے

ہزارون وعدہ ابر آئی گئی پانی نہین برسا — گہٹا کی رنگ نے کیا کیا دل و جان کو گھٹایا ہے

گئی برسات سب جاڑے بھی برسا تہی ابنی — فراغت عیش و طرب کا قحط نے دل سی اوٹھایا ہے

دعائین مانگ کر گرجہ مین او مسجد مین بیٹھے — اجابت کا نہ حکم اوسکی ابتک کوئی لایا ہے

بجائی آب و خور ہی لخت دل خون جگر توشہ — یہہ فکر قحط سالی نے ہر اکسکو کھپایا ہے

غریبون کو یہہ صدمہ ہے کہ دم آتا نہین دم مین — اور اون پیٹ کے چکر نے کیا گہر گہر پھرایا ہے

زمیندارون کے جان بن گئی ہی عرضی بیکہو — کہ ہر دم خوف سرکار کا دل مین سمایا ہے

ہزارون بیگہہ جنگل مین پتی ہی پہی وحشت — زمیندار آیکہ اسکے امساک نے خاکا اوڑایا ہے

کسانوں کی یہہ حالت ہے کہ دن بہر دہوپ میں جلنا
ور اوس پر پہر کی خشکی نے پانی اونکا سوکہایا ہے

کوئی کہیتوں میں جاتا ہی کوئی لوکر لگاتا ہے
کہ خشکی نے اونہیں پانی سی ستلا کر بنایا ہے

خدا کچہہ رحم فرمائی تو چہوٹیں کال سی جان
مگر یہہ کال اب دنیا کا سب پر آیا ہے

غرض اس رنج کی بات پانی سخت مشکل ہے
کہ غم سی پانی پانی ہو دل جان لب پر لایا ہے

اسی افسوس میں تہا دل ابہی یہہ غیب سے آئی
مگر اب تو یہ شور شکر اسکا خدا کو یہہ بہایا ہے

یہہ دن میں چند روزہ پہر بہار آئیگی گلشن میں
کہ خشکی جائیگی پہر موسم تری کا اکثر آیا ہے

پریشان ہو نہ ہرگز اور نہ کر تو شور شور اتنا
کہ تیری سر کی اوپر حضرت عیسی کا سایہ ہے

مگر اب چاہئی توبہ خدا سے ڈر کے تجکو بہی
کہ تونی عمر کو اپنی گناہوں میں گنوایا ہے

قصیدہ در مدح عالیخاندان نامور دوران جناب فیضمآب ارسطو زمان حکیم امیر علیخان صاحب جاگیردار و رئیس گوالیار دام حشمتہ و نوالہ

سنگ کو بہی یہہ سنگدل کرتا ہی پانی آسمان
آنکہیں تیری آتی ہیں پہر دیکہکر اسکا سمان

ہو دئی سچ جو الم رہتا ہی اہل ہند کی
دکہہ کی دینی میں کمر بستہ ہی پہر دم کمان

کیا کروں میں بیٹہی اس درد کی نقل میں
کیا کروں تیغ نگی گردش کا اب اسکی بیان

[illegible] کشتہ طاقت اصلی جو کی
شعلہ خورشید تابان میں نہیں جو دہوان

دم مین اوج تخت کو زیر زمین کردیتا ہی
گم ہی کردیتا ہی یہہ نام فلان ابن فلان

کلبۂ احزان لگا رہا میرا اسنی تا ہی تا ہی
کردیا دو سال سی مجکو سراسر نیم جان

یعنی وہ امراض مہلک میری گہر مین دی دیی
الامان بانکپن مین اون کو دیکہکر سرو جوان

اس بضیہ کا لکہون اشعار کیونکر حال ضعف
ضعف سی میری قلم کی کہان جنبش کہان

ہر طرح تدبیر کرین جان و تن کو کہو چکا
پر نپایا کچہ اثر کا آخرش نام و نشان

تہا اسی رنج و الم کا مبتلا مین روز و شب
غیب سی پہنچی ندا کانون مین یہی ناگہان

دیر کیون کرتا ہی او رنجہا کیون تو سرنگون
جا دکن کی سمت کو اور دیکہہ کچہ راز نہان

گوالیار کہتی ہین جسکو خطۂ یونان ہی وہ
ہین حکیم ایسی وہین سی حاذق ارسطو زمان

میر علی خان ان کو کہتی ہین باہم خاص و عام
جنکی فیض و خلق سی مسرور ہی سارا جہان

اب لکہون وہ پر نمک مطلع مین انکی شان مین
شور پرچا اونکا جسکا سند سی تا اصفہان

خلق اور اخلاق اور دست شفا کا کچہ بیان
با چنین حسن نہین کرسکتی با چندین زبان

صفت اسم مبارک بقید حروف

ہین الف سی وہ ارسطو میم سی مقبول حق
ی سی یار خدا سی شفیق وہ جہان

عین سی عالی نصب اور لام سی لقمان وہ ہر
یای ثانی سی ہین وہ یار ہر بیکسان

تا کہ قایم دو جہان مین ہا خدا اور یا مسیح — منجمد حب تلک مین اجزا زمین و آسمان

دوستون کو اون کی تو اوج سعادت ہو نصیب
خاک ذلت چہا نتی دایم رہین سب دشمنان

قصیدہ در تہنیت بار دربار و جشن خطاب شہنشاہ ہند جنابہ ملکہ معظمہ دام سلطنتہا و ملکہا بہ صنعت توشیح تاریخ عیسوی و ہجری و سمت ہندی

یہ تیرا لبخت یاور شہنشاہ ہند	یہ خدا ظل گستر شہنشاہ ہند
۶ سلامی کو آیا ہی پیش نظر	۸ یہ ہی خورشید خاور شہنشاہ ہند
یہ تیرا نام روشن ہے جون آفتاب	یہ تو ہی ذرہ پرور شہنشاہ ہند
۵ ہوی لارڈ لیٹن گورنر یہان	۲ ہی فخر اکبر شہنشاہ ہند

۷۷ عیسوی ۱۸

۱۰ یہ دربار شاہی اونہون نی کیا	۵ نہ کیون خوش ہوں سنکر شہنشاہ ہند
۱ کہ شہزادی نامور ذی وقار	۵ ہوئین اب مقرر شہنشاہ ہند
۷ زیادہ تکو گلزار مین ہین گہڑی	۱ یہ ہی سرو صنوبر شہنشاہ ہند
۶ سکندر سی کیا اونکو تشبیہ دون	۶ وہ رشک سکندر شہنشاہ ہند
۸ فرانس اور جرمن سویڈن اور روس	۴ مفتخر ہی ان پر شہنشاہ ہند

فلک پر گیا ہی یہہ روشن خطاب — کہ ہین شاد اختر شہنشاہ ہند

فلک نی لئی تہی سنکی دربار پر — ستارے نچہاور شہنشاہ ہند

فلک سے ہوا ہند کا اب دماغ — ہی انگلش بہادر شہنشاہ ہند

خدا ایسے دن بہی دکہادے ہمین — کہ لی ہفت کشور شہنشاہ ہند

منور ہوا مطلع لکہون اور بہی — کہ ہو سب سے برتر شہنشاہ ہند

۹۳ ہجری ۱۲

ہی اکبر سی اکبر شہنشاہ ہند — سکندر سی بہتر شہنشاہ ہند

ہوا ہی نہ ہو جشن ایسا کبہی — ہوی نام آور شہنشاہ ہند

سب آئی رئیسان ہندوستان — رکہی حکم سر پر شہنشاہ ہند

کیا صرف لاکہون کا دربار مین — ہی کان جواہر شہنشاہ ہند

نکیون ہو رعیت تیری شادمان — کرم ریز گہر گستر شہنشاہ ہند

عدالت کی انصاف اور عدل سی — ہین معمور دفتر شہنشاہ ہند

نکیون عدل مشہور ہو ہند مین — کہ ہی دادگستر شہنشاہ ہند

کرون مین بیان فوج کی کیا صفت — مجلّی ہی لشکر شہنشاہ ہند

شجاعت کا ہی حال سب پر عیان — ہی لرزان غضنفر شہنشاہ ہند

۳ چلا ستیغ بران کی گرد کھپا ہی
۱۰ فلک کہاں چکر شہنشاہ ہند

۸ گھٹا جاتی ہی اور شاہ کا دل
۸ کہ ہی سب سے بڑہ کر شہنشاہ ہند

۳ جہاں ہی تیری جنگ مشہور ہی
۸ مشرف ہی اوسپر شہنشاہ ہند

۸ کروں کیا صفت تیری صنعت کی مین
۸ کہ ہین سب مظہر شہنشاہ ہند

۱ یہہ قانون عقل و کمال و خرد
۸ تجہی سب مین ازبر شہنشاہ ہند

۸ گدا کو کری شاہ والا تبار
۵ ہی ایسا تونگر شہنشاہ ہند

۵ نکیون روشنی ہند و لندن مین ہو
۵ ہی ماہ منور شہنشاہ ہند

۶ سراپا عنایت گہر ریز ہی یہان
۸ کرم ہی سراسر شہنشاہ ہند

۳ دعا ہی یہہ حق سی وہ ان عمرات
۸ کہ ہو فضل تجہپر شہنشاہ ہند

۸ لبالب مئی عیش سی ہو تیرا
۱۰ یہہ زرکار ساغر شہنشاہ ہند

۵ ہمیشہ ہین خوش و خرم تیری
۶ وہ کونسل کی ممبر شہنشاہ ہند

۷ عدو کی جگر مین ہی غش نون
۶ سنان اور خنجر شہنشاہ ہند

۲ پیچی مدر لایا قصیدہ تیرے
۱۰ یہہ شور سخن شہنشاہ ہند

۳۳ سمت ۱۹

رباعیات

آئینہ کی مثال جہان کو دیکھا — صورت گر آئینہ جان کو دیکھا
ہر شکل میں ہی عکس تیرا جلوہ نما — کیا خوب عیان اور نہان کو دیکھا

دیگر

کعبہ میں تو صدق اور صفا کو پایا — بتخانہ میں ناز اور ادا کو پایا
حاصل نہوا کہیں سے دل کا مقصد — جب خودی میں ڈھونڈا تو خدا کو پایا

دیگر

اول کو جو دیکھا اوسکا ثانی پایا — پر تیرا مزہ نہ زندگانی نے پایا
جی کیونکہ لگی شور کا اس شش میں — جس نقش کو دیکھا وہی فانی پایا

دیگر

کچھ تیرا اثر نہ اس جوانی نے پایا — سرمایۂ دو بانچ زندگانی نے پایا
جی خاک لگی شور کا اس گلشن میں — جو پھول کھلا اوسیکو فانی پایا

دیگر

کیا ہی جو ہر اک نقش و نگار دیکھا — ہر شکل و نگار کو دیکھا دیکھا
[illegible] — [illegible]

دیگر

دم مثل ہوا ہی تن ہی مانند حباب — جو نقش ہی اس بحر مین ہی نقش بر آب
شکوہ کرون کسکا او تمنا کسکے — اک دم ہی کا ہی شور عذاب و ثواب

دیگر

کچھ کام نہین گبر و مسلمان سی ہمین — ہی کفر سی کچھ بحث نہ ایمان سی ہمین
ہستی کی لئی دیر و حرم ہین یکسان — اک روز سفر کرنا ہی پہر یہان سی ہمین

دیگر

معشوقون کو جو دیکھا تو وفاداری کم — عشاق کو دیکھا تو جگر خواری کم
القصہ جو غور سی جہان کو دیکھا — عیاری ہی عیاری ہی اور یاری کم

دیگر

جب تک ہی شباب ہی بہار دولت — ہر قصر مین سو نقش و نگار دولت
پیری آئی تو شور صاحب پہر کیا — سب خاک مین مل گئی بہار دولت

دیگر

دولت کی سعادت جو ملی تو کیا ہی — طالع کی مساعدت جو ملی تو کیا ہی
پیری مین نہین فایدہ کچھ بہی اے شور — دنیا کی موافقت جو ملی تو کیا ہی

دیگر

پیری مین ہی خاک زندگانی کا مزہ | دانہ کا ہی لطف اور نہ پانی کا مزہ
وہ سرکشی وہ ذوق کہان ہی اے شور | تا مرگ نہ بہولینگی جوانی کا مزہ

دیگر

تہی عہد جوانی مین ہر اک مرغوب | اب پیر ہوئی تو ہین نظر مین معیوب
غمخوار رہا کوئی نہ اپنا اے شور | جز گریہ یعقوبی و صبر ایوب

دیگر

جب تک تہے جوان کچہ کمال آیا واہ | پیری آئی تو پہر زوال آیا واہ
اے شور یہہ دنیا ہی اک خواب خیال | جب کچہ نہ رہی ہم تو خیال آیا واہ

دیگر

تسکین تسلی نہ دلاسا افسوس | ہون شربت دیدار کا پیاسا افسوس
غارت کئی فرقت نی تیری صبر و قرار | کچہ بہی نہ رہا پاس اساسا افسوس

دیگر

کیا وصف لکہون لف سیہ کے لٹ کا | ہر پیچ مین بس دل کو لیا ہی لٹکا
ای شانہ ہی قسمت عالی تیری | کیا خوب تیری ہاتہ لگا ہی لٹکا

	دیگر	
وقت سحر پھر وہ صنم آیا		جذبۂ دل نے اپنا کام کیا
دن کی ہونے کا فکر تھا مجھکو		کھول کر زلف وقت شام کیا

	دیگر	
آہ کرنے مین کیا خرابی ہے		گو کہ سنگینی مین وہ یکتا ہے
آخرش کہتی ہین قدر انداز		لگ گیا تیر ورنہ نکلا ہے

	دیگر	
لگایا ہاتہ چھاتی کو تو بولے		تو کچھ اے شور دیوانہ ہوا ہے
کہا یہہ جو دگر ہاتھوں کو اسنے		قسم لیجی جو مین نے کچھ چھوا ہے

	دیگر	
زندہ کو تو دم مین مارتی ہیہات		مردہ کو جلانا اوسکی اک بات
لو قصہ ہی پاک کر گیا وہ مسیح		ہوکر مین ہوئی مریض ہجر انکی نجات

	دیگر	
جی لینی یہ تیری سنت ہے اکدن بیبی لی		پر جو کہ شور مانگی اوسکو دیدے
بس یان خدا کو دن چھاتی پر رونا		ہم نے تیری غم مین کیا ہی پاپڑ بیلے

دیگر

ان اپنی گناہوں کا جو لکہا کیجی / جو کچھ کہ سزا ہو کیا پہ لکہا کیجی
سرمایہ بخشش ہی حبیب خدا کا بلند / اشکو اوسی پہ پہر پہر وسا کیجی

دیگر

طفلی مین تو کہیل دن گنوایا ہم نے / اللہ کو جوانی مین بہلایا ہم نے
پیری جب آئی یہہ تو سوچا صاحب / جز مرگ خاک پہر نہ پایا ہم نے

دیگر

دیتی ہین سبہین بالا تیری جہومکی سب / آکان تیری لگتی ہین یہہ جہومکی سب
ہی چاند ستارو نکی ہی کیا خوب چمک / جہومر ہی پریزادکی ہین جہومکی سب

سہرہ شادی کتخدائی برخوردار نور الابصار نیاز احمد خلف محمد نبی داد خان صاحب کمیل عفا اللہ علیہ

سر پہ نوشہ کی مبارک ہو زر افشان سہرا / جلوہ حق سی عیان ہی یہہ نمایان سہرہ
جب کہ نقشی سے دولہا کا بنا یہان سہرہ / مہر مکمہ سی شیشاون کا بندہا وہان سہرہ
لائی ہر رنگ کے پہولون سے بنا کر مالن / رخ پہ نوشہ کی کہلا مثل گلستان سہرہ
یہہ وہ سہرہ ہے کہ ہر باغ مین تعریف کے سات / بلبلین گاتی ہین یا بلبل شادان سہرہ
نیاز احمد کی تو سر تک جو رسائی پائی / بڑہ گیا دیکہنا جون کاکل پیچان سہرہ

تخت شاہی پہ جلوس آج جو دولہا کا ہوا / فخر اس سے کرتا ہے فراوان سہرا
لعل و گوہر سے بنا کر جو سجایا اس کو / ماہ و خورشید سے افزون ہے درخشان سہرا
ہے خوشی کی یہہ دعا خالق اکبر سے مدام / بزم شادی میں رہے سر و سامان سہرا

شوق نے ہاتھ ملا دولہا سے خوش ہو کے کہا
تو مبارک ہو تمہیں اے مہ تابان سہرا

سہرہ شادی برخوردار نجیب اطوار نور الدین خلف محمد نور خان صاحب وکیل عدالت علیگڈہ

سر پہ دولہا کے زرافشاں جو سجایا سہرا / شعلۂ طور سا سر پر نظر آیا سہرہ
جو یہیں جنت سے جو پھولوں کا بنا کر لائیں / اپنے جامہ میں نہ پھولا سمایا سہرہ
کیا بنا مہر ہے سہرے سے قمر ہے بے شک / اپنے ہاتھوں سے خدا نے یہ بنایا سہرہ
چرخ انجم کے لگا کر نے بچھاور اس پہ / کشتی ماہ میں جب آج لگایا سہرہ
سلک گوہر سے بنا کر جو سجایا اسکو / کہکشاں کہتی ہے ان جان کے بہایا سہرہ
خوشبو اس سہرے کی جب گلشن عالم میں آئی / بلبلوں نے بھی خوشی سے اڑا سے گایا سہرا

شوق نے ہاتھ ملا نوشہ کے والد سے کہا
تو مبارک ہو خدا نے یہہ دکھایا سہرا

سہرہ شادی نور چشمی ابراہیم بیگ خلف حاجی حسن بیگ صاحب دبئی کلکٹر راج الور طول عمرہ

لائی نوشہ کی لئی گوندہ کی مالن سہرا | دی رہا ہی رخ پر نور پہ جوبن سہرا
سروقامت پہ جو دولہا نے باندھا کہ گھڑی | بہتی بہتی گیا تا گوشہ دامن سہرا
چاند سورج نے سلامی مین ستارے دنکو دیا | بیٹھا جب باندہ کی دولہا معہ دولہن سہرا
دولہا ولیم نباہین دولہن ہے اوسکی | اپنی جامہ مین سماتا نہین بن بن سہرا
دہوم اس سہرہ کی اور مین لگے ہونے | سب لگے گانی بدل اپنی گہر آنگن سہرا
مے گلگون کا چلا دور جو مجلس مین لا | تو نظر آیا ہمین غیرت گلشن سہرا

شوق نے پایا سے دولہا کی خوشی ہوکی کہا
تو مبارک ہو تمہین لطف کی مخزن سہرا

تاریخ وفات جوزف اسمتھ صاحب رئیس لکھنو جنت آرامگاہ

گئی جوزف اسمتھ نامور جو جہان فانی کو چھوڑ کر
تو چمن نشاط کا جل گیا کوی دل کہو پا تو سی جل گیا
لکھی سال طبع سے کر رقم کیا فکر خوب جو غور کی
کہا بلبل دل شوق نے کہ نصیب باغ بہشت ہوا

قطعہ تاریخ وفات ملک الشعرا افصح الفصحا مرزا رحیم بیگ صاحب علیہ رحمتہ
رئیس میرٹھ استاد مولف دیوان ہذا

دار الفنا سے اوٹھ گئے اوستاد وقت ہائے — تھا جن کا نام نامی حضرت رحیم بیگ
یاد آتی ہیں جو اونکی عنایات اس لئے — سوہان روح ہے غم فرقت رحیم بیگ
اشعار بے نمک سے ہی الٹے شکر تے ہیں — سعدی و اعظم ماتم رحلت رحیم بیگ

چاہے جو بین فی سال پے یادگار قبر
منکر نکیر بولے ہے تربت رحیم بیگ

۱۲ ہجری ۹۴

ایضاً

مرزا رحیم بیگ کی مرنے پہ شاعری — روتی ہے شور کرتی ہے کہتی کہ کیا ہوا
اک عمر کھوئی خون جگر کھایا اونے تب — پایا تھا مجھکو ہائے وہ اب ہے گیا جدا
تھا زلہ سنج صاحب تحقیق و نکتہ رس — وہ کیا ہوا کہ لطف سخن ساتھ لے گیا
اور شاعری سے اوسکو تناسب تھا اسقدر — گر شاعری تھی جسم تو وہ اوسکی جان تھا
افلاک نے جہاں سے انکھون کے سامنے — افسوس ایسے شاعر یکتا کو کھو دیا

تاریخ عیسوی کی ہوئی شور جب کہ فکر
جان پہ غضب ہوا دل پر شور نے کہا

قطعہ تاریخ رحلت جنابہ معظمہ مدلین بیش صاحبہ رئیسہ علیکڑہ

وہ ہیں تو جنتی ہیں دنیا میں اور دین میں بہا — اثبی کہ فیض بخشش مردم سرشت میں ہیں

مدبر بہشت یعنی یہہ میسہ کو یل	عیسی کی مہربانی ایکی نوشت بلین مین

تاریخ کا تردد تہا جب کہ شور مجہہ کو
ہاتف یہہ بول اوٹہا باغ بہشت مین ہین

تاریخ وفات مرجع کار خلایق از بس لایق دقایق دوست پرور داد گستر
مخزن اخلاق یگانہ آفاق منشی نصیر علی صاحب مبین پانی پت
ڈپٹی کلکٹر ثانی ضلع میرٹہہ غریق رحمتہ

منشی نصیر علی کا ہوا انتقال آج	اک شور جسکی خلق کا سارے جہان مین ہے
مخلص سا ہی حیف یہہ اوسکی وفات سے	چرچا اسیکا بار ی کون و مکان مین ہے
سیکون چہاٹ چہاٹ کے کرتا ہی یہ ملال	افسوس کیسی خصلت بد آسمان مین ہے
پہر مردہ ہو گئی میری ہر رنگ تنگ گل	باد خزان کو دخل کیا گلستان مین ہے
تہا ماتمش مین ہی پی تاریخ یہہ خیال	نکلی قلم سے جو دل غمزدہ بیان مین ہے

اپنی شور نا گہان اب دنیا سے یہہ سنا
ماتم نصیر علی کا زمین و زمان مین ہے

۱۲ ہجری ۱۹۲

ایضاً

ای شور مجہسی کیا کہون جسوقت کو مین	پہلا کی پانو سو گئی ... نصیر علی

صدمہ ہوا یہ دل میں نہ ہائی ہائی ہی — اک خار غم جو ہو گئی منشی نصیر علے

ایدل یہہ جو نکہ مزرعۂ عقبی جہان ہی — نیکی کا تخم بو گئی منشی نصیر علے

ابر بہار و بارش اخلاق عام سے — خلقت کے داغ دہو گئی منشی نصیر علے

وہ جسکی تھی کلام وہ تحریر لا کلام — کیا کیا گہر پرو گئی منشی نصیر علے

تاریخ مرگ یہہ لب الہام سے سنی
عازم ارم کی ہو گئی منشی نصیر علے

تاریخ مرگ الاچی سنہ ۱۲۹۹ مادہ رفیق شمس آبا بنگلے صاحبہ بیگم علی گدہ
کہ حسن و جمال میں بے مثال تہی اور رفاقت و جان نثاری میں باکمال تہے

کیا دیکھتی ہو لوگو اس قبر پر تم آکر — ہاتہوں کا اک کہلونہ مٹی میں مل گیا ہے

یعنی کہ نام اسکا چہوٹی الاچی تہا — دانہ میں خال رخ کی وارد کا دل پہنسا ہے

کیا تہی یہ بیگم یہ باقدرت کا تہا نمونہ — تصویر میں ہی اسکی جوبن برس رہا ہے

ایک جان دو قالب سن کا وہ آتا بنگلے کا — مشہور تہا جہاں میں ہم نے یہی سنا ہے

کتنے کے اجل نے آخر مارا رفیق ایسا — اونیسوین تہی ماہ حج کی اور روز جمعہ کا ہے

حسرت سی ہاتہہ ملکر آتا سے شور بولے
بیٹہی بیٹہائی تم پہ یہہ کیا غضب ہوا ہے

۱۸

تاریخ تولد فرزند دلبند بخانہ محبت کاشانہ میرضا علی صاحب پیشکار تحصیل موانہ ضلع میرٹھ

پیشکار موانہ رضا علی — ہیں جو مقبول ایزد غفار
اونکو حق نے بعین عہد شباب — دیا فرزند مطلع الانوار

فکر تاریخ جب کہ شور نے کی
بولا ہاتف کہ نیک برخوردار

تاریخ کوٹھی تیار شدہ کار مہاراجہ صاحب بہادر والی گوالیار دام ملکہ و حشمتہ

راجہ نے یہہ بنائی کوٹھی گوالیر میں — اوسکا جواب گر پیدا ہوا نہ اب ہو
تاریخ اوسکی کوٹھی لکھنی جو شور شاعر — ششدر ہوئی کچھہ ایسی پائی نہ راہ اونکو

ہاتف اوٹھاکی سر کو بولا یہہ آسمان سے
کیا سوچتی ہو اسکو رشک بہشت لکھہ دو

تاریخ مکان جنت نشان میر قاسم علی صاحب تعلقہ دار عبد اللہ پور ضلع میرٹھ

وہ بنا قصر میر قاسم علی — دیکھہ کر جسکو خوش جہان ہوا
شور بولا سر آسمان سے یوں تہا — غیرت لامکان مکان ہوا

رقعہ ہولی بنام احباب بزم از جانب بابو موہن لعل سر دفتر کلب گہر

میرٹھہ مرقوم ۲۵ فروری ۱۸۷۷ع

چمن میں پہولا ہی نقش و نگار ہولی کا
کہ رنگ دیکہنی آئی بہار ہولی کا

ہر ایک رنگ میں کیا کیا ہیں رنگ گل کاری
ہر ایک پہول میں ہی سو سنگار ہولی کا

صبا ہی پہولی سمائی نہیں ہی جامہ میں
کہ دیکہہ آئی گل و برگ و بار ہولی کا

فلک چہائی عبیر و گلال کی بادل
زمین پہ باغ کہلا لالہ زار ہولی کا

شفق نہیں ہی رخ چرخ پر نمایاں یہہ
اڑا ہی بن کی گلابی غبار ہولی کا

ادہر کو دیکہو جو پچکاریوں کی ہی بوچہار
تو رنگ مانگتی ہیں گل ہزار ہولی کا

چمک عبیر کی دیکہی جو مہ جبینوں پر
بنا ہی مہر بہی آئینہ دار ہولی کا

گلوں کی جامہ پہ افشاں کو مانگتی ہی صبا
گلابی شیشہ سی عرق بہار ہولی کا

گریباں چاک ہی ہر تار کی صدا سی دل
یہہ لطف پر ہی رباب و ستار ہولی کا

گلوں میں رنگ نہ غنچوں میں بو رہی باقی
تو دیکہتی ہیں وہ جہہ بار بار ہولی کا

سبائی ہولی کی پہولوں سی کسنی مجلس یہہ
کہ دل فریب ہی ہر گلعذار ہولے کا

یہہ عرض کرتا ہی خدمت میں سبکی ہو بن لعل
شگفتہ ہی چمن انتظار ہولے کا

ہی جلسہ فروری کی سنبت و پنج سی جو شروع
تو تا بہ بست و ہشتم ہی تار ہولی کا

جو صاحب آنکی دیکہینگی رنگ محفل کو
تو دل ہی ہوئی گا اون پہ نثار ہولی کا

ہزار لطف کا ہون ہوگا یہہ جاصی
جو روز دیکہتی آئین سنگار ہولی کا

یہہ عرض کرتا ہی منت سے البیری پرشاں | کہ اجتماع احبابسی بیت وزینت ہے

کرم کرین جو مکرم تو کہہ یہہ اون کا ہے
وگرنہ عذر سی مجکو بڑی شکایت ہے

رقعہ شادی خانہ آبادی برخوردار نور الابصار علی عباس خلف میر قاسم علی صاحب مہین عبد اللہ پور ضلع میرٹھ بنام احباب عالی جناب و شفقتہ

شکر خدا کہ آج ظہور بہار ہے | سنبل کی شاخ غیرت مشک تتار ہے
گلبن ہے ہین سرو چراغان صحن باغ | تشبیہ سی فتیلون کے پر نور خار ہے
مہتابیون سی چاندنی کا فرش ہے بچھا | اور گرد اوسکی پھولونکی وقفی بہار ہے
بلبل ہزار نغمہ سرا گل کی شاخ پر | ہر سرو ناچنی کی لئی گرم کار ہے
سامان یہہ سب ہے شادی کے ایک نور چشم | جسکے سبب سے عیش کا گھر روزگار ہے
یعنی ہی شادی علی عباس نور چشم | مشہور جسکا غلغلہ شہر و دیار ہے
سامان بزم رقص کا موجود سب ہے یہان | نغمہ سی کوک ہے دف و چنگ و ستار ہے
گلدستے پھول پان ہیں عطر لائے ہیں | خوشبو سی جسکی بزم بہی ہر کنار ہے
اسواسطی ہی عرض کہ ہون سب شفیق ہم | تشریف لائین یہان میرا عز و وقار ہے
مجلس کے زیب و زینت سے احباب کی تمام | اور اوس سے اہل بزم کا بہی اعتبار ہے

چوبیس سے ذالحجہ کی پچیسوین تلک — سامان بزم رقص کا برروی کار ہے
اور ماہ فروری کی مطابق جو پوچھیی — تو تیسری سی تا بہ چہارم شمار ہے

آگی خلاف رسم ہی طول کلام شور
اسواسطی سلام پر ہی اختصار ہے

منتفرقات بہ زبان بہاکا ہندسے

بیتہ

شورمت کر یوا بہان وی — دنیا دو دن دی گذران وی
جگ بیچ اندا ایک دن جاندا — اس نوں سرا پہچان وے

ایضاً

توسی کرلے رب نوں یاد — دنیا ہے سب بے بنیاد
چہاند شور سب جگ جہگڑی — اسے ہو جاند سے آزاد

سہرے

سکہی ہمریا بیتی جات — جیا کی کہوں کاسی بات
ان تو بین جنم کی ہارے — دوجی چہوٹی کو سات
پیسی پیا کی مین درشن پاؤن — سچ یہہ ہے دن رات

شور پیا تم ہر کیون نہ سمرو
جنم اکارت جات

دادرا

چین سی ناہین سکھی مورا جیرا
رین نیند پیا نا دکھہ دہندی

سکھی مورا جیرا سکھی مورا جیرا
کہون کا سی پیر کہون کا سی پیرا

اب تم شور چلو پیا نگر سے
یہن کوئی پیرا دہری ناہین ویرا

ہولی سورٹھہ

جب سی بچہری من موہن موہ کچہو نا سہاوی ری
لاج کی ماری کہون نا سکھی ری برنا پیر بسباوی ری
کو پچکاری بہر مکہہ پر ماری کون گلال اوڑاوی ری
پیا کی رنگ مین شور رنگی ہون اور کو رنگ نہ بہاوی ری

ہولی کافی

آج سکھی کیسو پہاگ رچو ری
شور پیا کہیل رہی گوری ہوری

جو تو چاہی لگت ہوری سنجی نیشن دن رام جوری
جاکی جوت بیا پک جگمین واہی کو دہیان دہردوری
نا نہہ کو اودواسی بُردوری

پیت کی ریت سہی پران ہوناگی دیوت نا سکچوری
آج پہاگ کہیلی شئو رہرچندپور تن من دہن ہار دوری
وای ہٹ نانہہ کردوری

بنو ہی شئو رسکہین مین ایسو چیون گو ہین وہ کان سجوری
یا کو مچو شئو ر جگ ماہین مکہہ سہی گلال ملورے
اسی رنگیلا کہورے

رنگ روپ سہی ہی سنجی ہرچندپور سب ہی چلوری
شئو رکی سنگ کہیل رنگ گوری پہر واسی کر شئو را شئو رے
پہاگ کو پہگوا لورے

ایضاً

شئو رنے کیسی دہوم مچائے
جاکی جگ مین پڑی ہی دہائے

سب سکھین مین شور مچو ہی ہر چند پور ہوری رچائی
ابیر گلال کی بادل اوڑا کرشن کو بات دکھائے
رادہکا دیکھن آئے
او نگلی پکڑ موری چونر جہٹکی دونگی مین رام دُہائی
جانت بانت پوچھی نہ موری مکھہ پر گیند لگائے
شوری بر وہر جائے
سب سکھیان ہوری کھیلن آئین رنگ عبیار بسائے
دہپ اور جہانج کی جہانج مین آکر برج کی بہول اوڑائے
ایسی ہوری کہلائے
او سکھے مل گانوین سی ہوری شوقی جو یہہ بنائی
یا کو رنگ ہی جگ سی نیزالو من مین جاکی یہہ بہائے
کینی وانے بڑائے

ایضاً

نام نباکون پوچھی ہمارے	لاج رکھو رام جیری تہارے
ناکچہہ کری اور ناکر سکی سی	بیت گئی یونہین ساری

سب سکہیاں کہیلوری ہوری | شوبہی بہاگ رچایے
پہیپ کے بیپ موہ نہارو | تا توری دون کی ہین گار

رنگ کا رنگیلا چہب کا چہیلا
شوبہی جیبر کہیلا رے ×

ہولی سندورا

ابہان کری مت گوری | بسر گئی بدہ توری
چلنا ہے رہنا کچھ ناہین | بہیت گئی رہی تہوری
گیان دہیان کا رنگ کہیلی | ہوری کہیلت پیا توری گور

ابیر گلال کے بدرا چہای
شوبہی کا شور مچو رے

ہولی جہنجوٹی

شور دے موہ گاری | ابیسو اوکہو کہیلا رے

بیج مین رے

کنس کے مین کو پی کہیلان | سار گئی موری سار ے
اونگلی بکڑ مروہو پہونچا پکرو | دون گی تہیا تہار ے

عطر گلاب اور چوا چندن کے | مکھ پہ مارت پچکارے

شوروپیا تم چپ چاپ جیو
آئی ہولی سجن تمہارے

ہولی سارنگ

شوکی کہلاج سینچی وار کے | یہہ ایکہی لٹسی سہارے
دھرتی اکاس سبھی ابھی کر چین | کرپا کران پہ پیارے

بگڑی سب کے جین بین بناوت
جیسی شو کی کاج سنوارے

اشعار متفرقات و تہنیت تشریف آوری
شاہزادہ لندن ولیعہد بہادر و صفت جلسہ ہا

جابجا

مطلع در انتظار مقدم مقام اگرہ

مبارک شاہزادہ کے ہمیں کیا انتظاری ہے | کہ جس کی چال کے سب سے ملی یہ خاکساری ہے

در صفت روشنی اگرہ

آگرہ آتی شہی کی اک گلستان بن گیا | روشنی ایسی ہوئی سرو چراغان بن گیا

جو دیا شہ نی تہا اوسکا یہ دیا آیا نظر	جو بسی اقبال کے کل ہند رضوان بن گیا

در صفت روشنی روضہ تاج

ہی روشنی پہ تاج کی کیا کیا بہار آج	پتہ پتی کی کہتا ہی دیکہو سنگار آج

در صفت شہر جی پور

جیپور ہی اک جہان مین جنت نشان ہے	ہر ایک مکان اوسکا گویا لامکان ہے
ملیا پر جو چہتی تو ہی عرش سامنی	یعنی خدا کی ملنی کا وہ ہی نشان ہے
فوارون کی بہار نہ کچہہ مجہسی پوچہئی	اونکی ثنا مین قاصر مہنہ مین زبان ہے
جب دیکہو اونمین جہم جہم مینہ سا برستا ہے	چہینٹون پہ اونکی قربان دل و جان ہے

در صفت ہوا محل جی پور

ہوا محل پہ ہوای بہشت قربان ہے	پریون کی منزل اونہین کو شایان ہے

در صفت جالی ہای چونہ تمام شہر

عجب جیپور کی دیکہی ہم نی جالی	دل مضطر نی ہی یہان جا لگی جالی

در بیان زبان و گفتگوی جیپور

جی پور کی جو بیون سی الگ سروری ہے	پر کایین کامین اوسکی ہی نفرت ضروری ہے

بیان شیران جی پور

شجروں کے دیکھی کا وہ دل سی قصد کرے — ہوئی ہیں سی ڈالی جو جانکو سر پہ دہرے

فقط

تہنیت تولد فرزند دلبند نجابانہ مسٹر ڈمنڈ ہنری فیلڈ صاحب لفٹنٹ توپخانہ جنسی مہاراجہ صاحب بہادر والئے راج گوالیار زاد عمرہ

یہہ فرزند دلدار پیدا ہوا ہے — نصیبے کا بیدار پیدا ہوا ہے

مبارک تمہیں ہوئی اڈمنڈ صاحب — کہ گھر میں یہہ سردار پیدا ہوا ہے

نہ دولت کی ہوگی کمی اب تمہین — کہ بیٹا گہربار پیدا ہوا ہے

رہوگی سدا پہولتی پہلتی تم — شگفتہ یہہ گلزار پیدا ہوا ہے

چمن آرزو ساری گہر کا کہلا — کہ شجر ثمردار پیدا ہوا ہے

لبالب مئی عیش سی ہوگا جام — خوشی کا طلبگار پیدا ہوا ہے

مہہ و خور سی کیا اوسکو تشبیہہ دون — سراسر پر انوار پیدا ہوا ہے

تمہین ہوگی کیتا نئی اس سال مین — ترقی کا آثار پیدا ہوا ہے

جبین پر سعادت کے سب طور ہین — یہہ ایسا خوش اطوار پیدا ہوا ہے

کرو شور سودائی! اسکے رہا تہہ بلایہ — کہ اچھا خریدار پیدا ہوا ہے

براندی کا اک یار پیدا ہوا ہے

خدا عمر اسکی کری اب دراز	کہ گہ [illegible] پیدا ہوا ہے
مبارک سلامت کی ہی دہوم تمام	یہہ [illegible] ہوا ہے
کہا جب کسی نی کہ ایشور صاحب	تمہین اسپہ کیون بہار پیدا ہوا ہے

تو بولی کہ باغ جہان مین نہ ایسا
کوئی گل نہ کھلتا جو پیدا ہوا ہے

تاریخ تولید فرزند مذکور مجموعہ سرور

ہوا ادمنڈ صاحب کے جو فرزند	بر آئی شوہر مہری دل کی امید
لب بام فلک سی آئی آواز	چراغ خانہ ہی تاریخ تولید

تاریخ تعمیر مسجد محمد نور خان صاحب پنشن یافتہ وردی میجر رجمنٹ ہفتم سواران مقیم چہاونی مرار علاقہ گوالیار ملازم سرکار انگریزی ہے

وردی میجر مین نور خان جو یہان	اون کی ڈالی ہوئی بنا ہی یہہ
سن ہجری برس سی آئی ندا	شور لکھہ خانہ خدا سے یہہ

مبارکباد سالگرہ برخوردار انوار الحق فرزند احمد جان کے [illegible] صاحب عرف جان عالم رئیس

مبارک ہووی یہہ انوار حق کی سال گرہ	ہی اسکو [illegible] وبال گرہ

چمن مین پہولی نسیم سحر جو پہرتی ہی	تو دل سی کہولتا ہے غم کی ہر نہاں گرہ
ہوئی ہی ساٹ سکی اب اسکی عمر عزیز	لگائی دیکہہ کے حق نی یہہ نیک فال گرہ
خوشی سی کہولا ہے والد نی عقدہ دلکو	کہ سال بہر سی ہی اونکو تہا خیال گرہ

دعا ہی شوہر کی اس رشتہ سعادت مین
اسی طرح سی ہون یارب ہزار سال گرہ

سہرہ شادی خانہ آبادی مسٹر جارج اسمتھ صاحب ڈاکٹر رییس لکہنو ملازم راجہ صاحب
بہادر والئے بیکانیر

جارج اسمتھ کے سر باندہا جو یہہ زر سہرا	اپنی جامہ سے سراسر ہوا باہر سہرا
بعد مدت کے خدا نی یہہ گہر آباد کیا	کیون نہ ہو جائے یہہ سر جرہ کی مفخر سہرا
چاند دولہا کو کہون مین تو دلہن ہے سورج	دونو پر باندہو ستارون کا برابر سہرا
چرخ نی بہی دعا جوڑکی سر پہنچا	کہکشان ماہ مین انجم کا لگا کر سہرا
عقد کی بعد کو روشن ہو چراغ خانہ	جلد وہ دن بہی دکہادی یہہ منور سہرا
دہوم اس شادی کی جب جشن کو پہونچی	جلوہ نور کا وہ لائی بنا کر سہرا
ساقیا بادہ گلگون کا ذرا دور چلے	پہر سی آنکہون مین اپنی ہی جہلکر سہرا
لکہنو پہونچی جب اس سہرہ کی خوشبو اڑکر	جب خوشی ہو کی لگی گانی یہہ گہر گہر سہرا

شور نے ہاتھ میں لے جام کو دولہا سے کہا
تو مبارک ہو تمہیں اے مہ انور سہرا

تاریخ وفات مسماۃ امراؤجان رشک حور غلمان طوایف سکنہ میرٹھ عفی عنہا

تھی ایک امراؤجان میرٹھ میں
حسن تھا بڑھ کے حور غلمان سے
جب اجل کی خزان نے آگھیرا
گل چلا مثل بو گلستان سے
ہوا تن زیب جب کفن اوسکا
شق ہوا سینہ شور و افغان سے

سنکے یہہ شور نے لکھے تاریخ
اوڑ گئی بس پری پرستان سے
۱۲ ہجری ۹۴

تاریخ انتقال پرملال منشی منوہر لعل رئیس علیگڈہ سررشتہ دار فوجدار ضلع میرٹھ عفی عنہ

گئے دنیا سے جب منوہر لعل
دل آ ... ا ہے
بگڑا گھر اون کے جان جانے سے
جان ... لے ہے
صفت میں بجے تھے وہ موصوف
ہر جگہہ ... ہے
آگئی پیک اجل نے ایک دم میں
روح فنا ... ہے
پڑگیا شور اسکا عالم میں
دھوم ... ہے

ن کی باعث	غم کی برچھی سی اک چبھا کی ہی
نیٹ دیہی پی تاریخ	رات دن غم سی لو لگا کی ہے

آرشن سر کو پیٹ یون بولا
ماہی ری یہہ رضا خدا کی ہے

تاریخ طبع دیوان ہذا از نتایج طبع مؤلف صاحب

دیوان چھپا جو دوسرا یہہ	دل اس پہ نثار ہی بلاشک
شوخی کلام و بندش چست	کیا نقش و نگار ہی بلاشک
تھی فکر کہوں جو اسکی تاریخ	دشوار یہہ کار ہی بلاشک

لکھو شور صدا فلک سی آئے
سب باغ و بہار ہی بلاشک

۹۴ ہجری ۱۲

تقریظ و تاریخ دیوان ہذا از نتایج طبع رسا فکر دکا خوش بیان انتخاب شعرای زمان ذہین و متین حکیم فصیح الدین صاحب متخلص بہ رنج رئیس قدیم شہر میرٹھ محلہ نبی سرا زاد کرمہ

ای رنج جہان عیب بینی کی لئی	حالانکہ سخن ہے دل نشینی کی لئی
پروہ ہی یہہ گلشن ماحت جس کی	سحبان آتا ہی خوشہ چینی کی لئی

مشتاقان حسن عروس سخن فی الرباو منتظران مشاہدہ جمال شعر
مژدہ گوش جان دو نوید تاب سے سا دوستون کو مسرت
خبر روح فزا منتظرون کو بشارت صبر با کہ اندنون
مرتبت نا تر شیرین فرصت ہو کے بہت اندیش مہر جاج ہین صاحب شوق تخلص
جسکے رای روشن پر شمع طور پروانہ جسکی حکمت پر فیلسوف سا فرزانہ دیوانہ جسکی ذہن
رسا سی رسائی بہرہ مند جسکی رسائی ذہن سے شیوا بیانی ارجمند یادگار سخنوران
زمانہ غرض اپنی فن مین یگانہ چہپا ہی بندش مضامین اور ترکیب الفاظ مین اگر
مبالغہ نہ سمجہا جاے تو جادو کیا ہی دیکہہ لو ہاتہ کنگن کو آرسی کیا صاحب دیوان نے
مجہسے جو تقریظ دیوان ہذا کی لکہائی ہی سچ یہہ ہی کہ کہہ کی پابندی کسوٹی
پر چڑہائی ہی کجا دیوان سحر البیان کہان ہیچ لکہا سکے من ہیچمدان اللہ تعالی
اس برگزیدہ کلام کو سلامت رکہی اور نام نامی اس نامور کا جاری تا قیامت رکہی
ایک قطعہ تاریخ پر تقریظ کا خاتمہ کیے دیتا ہوں اور بعمر لئی لیتا ہوں سن

قطعہ تاریخ

چہپا ہی یہہ شور کا جو دیوان | بینا کن جشن ہے یہہ
ہر شعر ہے دل فریب اسکا | دیوان [illegible] ہے یہہ